علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

چوری ''**Plagiarism**'' پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: تاریخ ادب اردو اور ادبی تحریکیں (9013) سمسٹر: بہار 2026ء

سطح: بی ایس اُردو

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔
6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7۔ غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1 تا 4)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال 1- اردو زبان کی ترویج اور اشاعت میں پنجاب اور شمالی ہند کے شعرا کے کلام کا تجزیہ کریں۔ (20)

سوال 2- مومن خان مومن کے کلام کے فکری اور فنی محاسن پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال 3- مثنوی سحر البیان اور مثنوی گلزار نسیم کا تقابلی مطالعہ کریں۔ (20)

سوال 4- فورٹ ولیم کالج کی ادبی اور لسانی خدمات پر بھرپور مضمون قلم بند کریں۔ (20)

سوال 5- ''انجمن پنجاب نے اردو نظم کی ترویج اور اشاعت میں نمایاں کردار ادا کیا۔'' اس کے مقاصد کو پیش نظر رکھتے ہوئے اس رائے کا تجزیہ کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 5 تا 9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال 1- سر سید احمد خان کی نثری خدمات کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال 2- اکبر الہ آبادی مغربی تہذیب کے سخت گیر نقاد تھے۔ ان کے کلام کی روشنی میں اس رائے کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال 3- ''حلقہ ارباب ذوق کی تحریک نے اردو میں ایک نئے طرزِ احساس کی بنیاد رکھی۔'' حلقے سے وابستہ ادباء کے افکار کی روشنی میں اس رائے پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال 4- ترقی پسند تحریک کے زیر اثر تخلیق ہونے والے افسانوی ادب کا تجزیہ کریں۔ (20)

سوال 5- اسلامی ادب کی تحریک کے پس منظر، مقاصد اور ارتقاء پر تفصیلی مضمون قلم بند کریں۔ (20)